ضميمه ۴ - (آمدني پر محصول پرمٹ) - تتمه ،

عام محصولات - تتمه ،

نمبر،	اجناس کے نام ،	في ،	اجناس کي ماليت ،	محصول ،
	دوسري اجناس غير ساخته اور ساخته - خاتمه ،		روپيه آنه ،	
۵۸	کهلونے اور تمام کهيلون کا سامان . .	... ...	حسب ماليت ،	سيکڑا ۵ روپئے
۵۹	چهاتے سوتي ۲۰ انچ سے کم کے . .	عدد	۰ ۱۰	"
	ايضاً ايضاً ۲۰ انچ اور اوس سے اوپر کے .	ايضاً	۱ ۰	"
۵۹	چهاتے سوتي روغني جو يهو . .	عدد	۰ ۹	"
	تمام دوسري اقسام مع کاغذي کينڈيسل کے .	... ...	حسب ماليت ،	"
۶۰	موم	هنڈرويٹ ،	۳۲ ۰	"
۶۱	لکڑي اور عمارت کي لکڑي بجز ريلوے سليپر اور جلانے کي لکڑي کے که اوسکا محصول معاف هے	... ...	حسب ماليت ،	"
۶۲	اشياے پشمينه — فيته، موزے، تهان، تمام دوسري اقسام	... ...	ايضاً	"

ضميمه - ۵ (رفتني پر محصول پرمٹ) ،

جنس کا نام ،	محصول کي شرح ،
دهان خواه چاول مع چاول کے آٹے کے ،	في هندوستاني من جو ۸۲⅐ پاونڈ آور ڈيوپايز هو ۳ آنے ،

جیلخانون کا ایکٹ مصدرۂ سنہ ۱۸۹۴ ع

اس ایکٹ کے مضامین کی فہرست

پہلا باب

مضامین ابتدائی

دفعات

دوسرا باب

جیلخانون کا تقرر اور اُنکے عہدہ داران

تیسرا باب

عہدہ دارون کے لوازم خدمات

عموماً

سوپرنٹنڈنٹ

ڈاکٹر

قیمت في نسخہ ۱ آنہ ۶ پائي

جیلر ؛

ساتوان باب ،

قیدیون کی مشغولی ،

دفعات

۳۴ — دیواني قیدیون کی مشغولي ،

۳۵ — فوجداري قیدیون کي مشغولی،

۳۶ — اون فوجداري قیدیون کي مشغولی جنکي نسبت قید محض کا حکم سزا صادر هوا هی ،

آتهوان باب ،

قیدیون کی جسمانی صحت ،

۳۷ — بیمار قیدي ،

۳۸ — ڈاکٹرون کي هدایتون کی بهي ،

۳۹ — هسپتال ،

نوان باب ،

قیدیون کے ساتهه ملاقات ،

۴۰ — دیواني قیدیون اور غیر مجرم تهرائے هوئے فوجداري قیدیون کے ساتهه ملاقات ،

۴۱ — ملاقات کرنیوالون کي تلاشي ،

دسوان باب ،

جیلخانون کے متعلق جرائم ،

۴۲ — اشیاے ممنوعه کے جیلخانے مین لانے یا وهان سے لیجانیکي - اور قیدیون کي مراسلت کي علت مین سزا ،

۴۳ — جرم تحت دفعه ۴۲ کي بابت گرفتار کرنیکا اختیار ،

۴۴ — سزاؤن کا مشتهر هونا ،

گیارهوان باب ،

جرم واقعهٔ جیلخانه ،

۴۵ — جرم واقعهٔ جیلخانه ،

۴۶ — ویسے جرمون کي سزا ،

۴۷ — دفعه ۴۶ کے متعلق سزاؤن کا ایک شامل هونا ،

۴۸ — دفعات ۴۶ و ۴۷ کے متعلق سزاؤن کا دیا جانا ،

۴۹ — مرقوم الفوق دفعات کے مطابق سزائین دي جائینگي ،

۵۰ — ڈاکٹر تصدیق کریگا که قیدي سزا بهگتنے کے قابل هی ،

۵۱ — سزا کي بهي مین داخلجات ،

۵۲ — سنگین جرم کے ارتکاب پر ضابطهٔ کارروائي ،

دفعات

بارھوان باب ۔

متفرقات ۔

ضمیمہ ۔

احکام قوانین جو منسوخ ہوے ۔

ایکٹ نمبر ۹ سنہ ۱۸۹۴ ع ؁

جاری کیا ہوا جناب نواب گورنر جنرل بہادر ہند
با جلاس کونسل کا ؁

(جناب محتشم الیہ نے اس ایکٹ کو ۲۲ - مارچ سنہ ۱۸۹۴ ع کو منظور فرمایا ؁)

ایکٹ بمراد ترمیم قانون متعلق جیلخانون کے ؁

چونکہ قرین مصلحت ہی کہ برٹش انڈیا مین جیلخانون کے متعلق قانون کي ترمیم کي جاے اور ویسے جیلخانون کے انتظام کے لیئے قواعد وضع کیئے جائین - لہذا اس ایکٹ کي رو سے حسب ذیل احکام صادر ہوئے ؁

پہلا باب ؁

مضامین ابتدائی ؁

دفعہ ۱ — (۱) — یہہ ایکٹ جیلخانون کا ایکٹ مجریۂ سنہ ۱۸۹۴ع کہلا سکیگا ؁

نام اور وسعت اور شروع نفاذ ؁

(۲) — یہہ ایکٹ کل برٹش انڈیا مین وسعت پذیر ہوگا جسمین اپر برھما اور برٹش بلوچستان اور سونتال پرگنجات اور اسپیتي کا پرگنہ داخل ہی — اور

(۳) — پہلي جولائي سنہ ۱۸۹۴ع کو نافذالعمل ہوگا ؁

(۴) — اس ایکٹ مین کوئي ایسي بات نہین ہی جو بمبئي شہر کے باہر - احاطۂ بمبئي مین دیواني جیلخانون سے متعلق ہوسکے اور ان جیلخانون کا انتظام بمبئي کے ایکٹ ۲ - سنہ ۱۸۷۴ع کي دفعہ ۹ لغایت دفعہ ۱۶ (بشمول ان درنون دفعات کے) کے احکام کے بموجب مطابق اوس ترمیم کے جو مابعد کے احکام قوانین کي رو سے اوسمین ہوئي ہی - قائم و برقرار رہیگا ؁

دفعہ ۲ — (۱) — پہلي جولائي سنہ ۱۸۹۴ع کو اور اوسکے بعد وہ احکام قوانین جو ضمیمہ مین مندرج ہین اوسقدر منسوخ ہونگے کہ جسقدر ضمیمۂ مذکور کے چوتھے خانے مین مصرح ہی ؁

تنسیخ ؁

(۲) — لیکن ان احکام قوانین مین سے کسي حکم قانون کے بموجب سارے قواعد جو وضع کیئے جائین اور سارے تقررات اور ساري ہدایتین جو ہوا کرین اور سارے احکام جو جاري کیئے جائین - وہ جہانتک کہ اس ایکٹ کے مطابق ہون - ایسے متصور ہونگے کہ اسي ایکٹ کے بموجب بالتناسب وضع کیئے گئے اور ہوا کیئے اور ہواکین اور جاري کیئے گئے ؁

(۳) — کوئي حکم قانون یا نوشتہ جو ان احکام قوانین مین سے کسي حکم قانون پر محول ہو - جہانتک ہوسکے ایسا مفہوم ہوگا کہ اوسکا حوالہ اسي ایکٹ کي طرف یا اس ایکٹ کے حصۂ مترادف کي طرف ہی ؁

دفعہ ۳ — اس ایکٹ مین —

تعریفات ؁

(۱) — " جیلخانه " کي لفظ سے هر جیلخانه یا مقام مراد هی جو دوام یا چند روز کے لیئے قیدیون کے روک رکھنے کي غرض سے لوکل گورنمنت کے عام یا خاص احکام کے بموجب کام مین آتا هو اور اوس لفظ مین ساري زمین اور عمارتین جو جیلخانهٔ مذکور سے متعلق هین داخل هین لیکن مقامات ذیل اوس لفظ مین داخل نہین هین - یعنے —

(ا لف) — کوئي ایسا مقام واسطے قید کرنے اون قیدیون کے جو صرف پولیس کي حراست مین هون — یا

(ب) — کوئي ایسا مقام جسکو مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ع کي دفعه ۵۴۱ کي رو سے لوکل گورنمنت نے بالخصوص مقرر کیا هو — یا ایکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع

(ج) — کوئي ایسامقام جسکو لوکل گورنمنت نے عام یا خاص حکم کے ذریعے سے تائیدي جیلخانه ٹهہرا دیا هو — اور

(۲) — " فوجداري قیدي " کے الفاظ سے هر قیدي مراد هی جو فوجداري اختیار سماعت عمل مین لانے والي کسي عدالت یا عمل مین لانے والے کسي حاکم کے پروانه یا وارنت یا حکم کے بموجب یا کورٹ مارشل کے حکم کے ذریعے سے حراست مین با ضابطه سپرد کیا گیا هو — اور

(۳) — " مجرم ٹهہرایا هوا فوجداري قیدي " کے الفاظ سے هر فوجداري قیدي جسکي نسبت حکم سزا کسي عدالت یا کورٹ مارشل سے صادر هوا هو مراد هی اور اون الفاظ مین وہ شخص داخل هی جو مجموعهٔ ضابطهٔ فوجداري مصدرهٔ سنه ۱۸۸۲ع کے باب ۸ کے احکام کے بموجب یا قیدیون کے ایکٹ مصدرهٔ سنه ۱۸۷۱ع کے بموجب جیلخانه مین روک رکھا گیا هو — اور ایکٹ ۱۰ سنه ۱۸۸۲ ع ایکٹ ۵ سنه ۱۸۷۱ ع

(۴) — " دیواني قیدي " کے الفاظ سے هر قیدي مراد هی جو فوجداري قیدي نه هو — اور

(۵) — " قاعدهٔ معافي " کے الفاظ سے وہ قواعد مجریهٔ وقت مراد هین جنکے ذریعے سے جیلخانه کے قیدیون کو امتیازي نشانات کے دیئے جانے اور اونکي وجه سے احکام سزا کے مواخذه کے کم هوجانے کي بابت انتظام کیا جاے — اور

(۶) — " حالات کے ٹکت " کے الفاظ سے وہ ٹکت مراد هی جس سے ایسي خبر ظاهر هوتي هو جو بموجب اس ایکٹ کے یا اس ایکٹ کے تحت کے قواعد کے بموجب هر قیدي کي نسبت مطلوب هو — اور

(۷) — " اِنسپیکٹر جنرل " کے الفاظ سے جیلخانون کا اِنسپیکٹر جنرل مراد هی — اور

(۸) — " ڈاکٹر ماتحت " کے الفاظ سے هر اسسٹنٹ سرجن یا اپاتهیکري یا سندیافته هسپتال اسسٹنٹ مراد هی — اور

(۹) — " شيء ممنوعه " کے الفاظ سے هر چیز مراد هی جسکو جیلخانه کے اندر لانا یا جیلخانه سے باهر لیجانا کسي قاعدهٔ تحت ایکٹ هذا کي رو سے ممنوع هو ؛

دوسرا باب ؛

جیلخانون کا تقرر اور اونکے عهده داران ؛

دفعه ۴ — لوکل گورنمنت کو لازم هوگا که اپنے اپنے تابع کے قلمرو کے قیدیون کے لیئے رهنے کي جگهه جیلخانون مین مہیا کردے جو اس طرحپر بنائے جائین اور جنکا اسطرحپر انتظام کیا جاے که قیدیون کي علیحدگي کے باب مین احکام مندرجهٔ ایکٹ هذا کے مطابق هو ؛ قیدیون کے لیئے رهنے کي جگهه ؛

(دوسرا باب - جيلخانون کا تقرر اور اونکے عهدهداران - دفعات ۵ - ۷ - اور تيسرا باب - عهدهدارون کے الوازم خدمات - دفعات ۸ - ۹)

انسپيکٹر جنرل ؛

دفعه ۵ — ايک انسپيکٹر جنرل اوس قلمرو کے واسطے جو ايک لوکل گورنمنٹ کے تابع هی مقرر کيا جائيگا اور اوسے لازم هوگا که لوکل گورنمنٹ کے احکام کا پابند رهکر ان تمام جيلخانون کي عام ضبط و نگراني اور ديده باني کيا کرے جو ايسي گورنمنٹ کے تابع کے قلمرو مين واقع هون ؛

جيلخانون کے عهدهداران ؛

دفعه ۶ — هر جيلخانه کے ليئے ايک سوپرنٹنڈنٹ اور ايک ڈاکٹر (که وه سوپرنٹنڈنٹ کا بهي عهد رکهه سکتا هی) اور ايک ڈاکٹر ماتحت اور ايک جيلر اور ايسے ديگر عهدهداران هوا کرينگے جو لوکل گورنمنٹ کي دانست مين ضروري هون ؛

مگر شرط يهه هی که جناب نواب گورنر بهادر بمبئي باجلاس کونسل جناب نواب گورنر جنرل بهادر باجلاس کونسل کي منظوري پيشتر حاصل کرکے حکم تحريري کے ذريعے سے يهه اعلان کرديسکتے هين که کسي ايسے جيلخانے مين جسکي تصريح اوس حکمنامے مين کردي گئي هو جيلر کا عهده اوس شخص کے ذمه هو جو سوپرنٹنڈنٹ مقرر کيا جاے ؛

قيديون کے ليئے رهنے کا چند روزه مقام ؛

دفعه ۷ — جب انسپيکٹر جنرل پر يهه واضح هو که کسي جيلخانے مين قيديون کي تعداد اسقدر بڑهگئي هی که وه بلا تکليف يا بلا خطره کے اوسمين رکهے نهين جاسکتے هين اور اوس زائد تعداد کے قيديون کو کسي اور جيلخانے مين منتقل کرنا تکليف سے خالي نهين هی —

يا جب کسي جيلخانه کے اندر کسي وبائي مرض کے پهيلنے سے يا کسي اور وجه سے يهه امر بهتر معلوم هو که کسي قدر قيديون کے چند روزه قيام اور محفوظ حراست کے ليئے بندوبست کر ديا جاے —

تو ايسے عهدهدار کے ذريعه سے که جسکو اور ايسے طريقے پر که جسکي لوکل گورنمنٹ هدايت کرے چندروزه جيلخانون مين اوتنے قيديون کے قيام اور محفوظ حراست کے ليئے جو جيلخانه مين بلا تکليف يا حفاظت کے ساتهه رکهے نجاسکتے هون بندوبست کيا جائيگا ؛

تيسرا باب ؛

عهده دارون کے لوازم خدمات ؛

عموماً ؛

جيلخانون کے عهدهدارون کي ضبط و نگراني اور لوازم خدمات ؛

دفعه ۸ — جيلخانه کے تمام عهدهدارون کو لازم هوگا که سوپرنٹنڈنٹ کي هدايتون کي تعميل کرين اور جيلر کے تابع کے تمام عهدهدارون کو لازم هوگا که ان لوازم خدمات کو بجالائين جو جيلر بمنظوري سوپرنٹنڈنٹ اونکے سپرد کرے يا جو قواعد تحت دفعه ۶۰ کے بموجب ٹهہرا ديئے جائين ؛

عهدهداران قيديونکے ساتهه کاروبار کے معاملات نهين رکهه سکينگے ؛

دفعه ۹ — جيلخانه کے کسي عهدهدار کو يا کسي ايسے شخص کو جو اوسکي طرف سے امانت دار يا اوسکي طرف سے کارگذار هو جائز نهين هوگا که کوئي چيز کسي قيدي کے هاتهه بيچے يا کرايه پر دے يا اوسکے هاتهه بيچنے يا کرايه پر دينے سے کوئي نفع حاصل کرے يا کسي قيدي کے ساتهه بلا واسطه يا براسطه نقدي لين دين يا دوسرے کاروبار کے معاملات رکهے ؛

دفعہ ۱۰ — جیلخانہ کے کسي عہدہدار کو یا کسي ایسے شخص کو جو اوسکي طرف سے امانت دار یا اوسکي طرف سے کارگذار ہو جائز نہیں ہوگا کہ جیلخانے کي رسد کے کسي ٹھیکے سے بلا واسطہ یا بواسطہ کوئي تعلق رکھے یا بلا واسطہ یا بواسطہ کسي شي کي ایسي فروخت یا خرید سے نفع حاصل کرے جو جیلخانے کي طرف سے ہوا کرے یا ایسي شي کي فروخت یا خرید سے جو کسي قیدي کي ملک ہو ۔

جیلخانوں کے ٹھیکوں سے عہدہداران تعلق نہیں رکھینگے ۔

سوپرنٹنڈنٹ ۔

دفعہ ۱۱ — (۱) — بپابندي احکام انسپکٹر جنرل کے سوپرنٹنڈنٹ کو لازم ہوگا کہ سارے امور میں جو انتظام اور مشقت اور اخراجات اور سزا اور ضبط و نگراني سے متعلق ہوں جیلخانے کا بندوبست کیا کرے ۔

سوپرنٹنڈنٹ ۔

(۲) — ایسي عام یا خاص ہدایتوں کے تابع رہکر جو لوکل گورنمنٹ کي طرف سے صادر ہو کسي ایسے جیلخانے کے سوپرنٹنڈنٹ کو جو جیلخانۂ متوسطہ نہ ہو یا وہ جیلخانہ نہ ہو جو پریزیڈنسي شہر کے اندر واقع ہو - لازم ہوگا کہ اون تمام احکام کي پیروي کرے - جو اس ایکٹ یا اس ایکٹ کے تحت کے کسي قاعدے کے نقیض نہ ہوں اور جو جیلخانۂ مذکور کے بارے میں ضلع کے مجسٹریٹ کي طرف سے صادر کیئے جائیں اور نیز یہہ لازم ہوگا کہ انسپکٹر جنرل کے پاس ویسے تمام احکام کي اور اوس کارروائي کي رپورٹ کرے جو احکام مذکور پر کیجاے ۔

دفعہ ۱۲ — سوپرنٹنڈنٹ کو لازم ہوگا کہ نیچے کي لکھي ہوئي بہیاں رکھے یا رکھواے —

سوپرنٹنڈنٹ بہیاں رکھیگا ۔

(۱) — اون قیدیونکي رجسٹر بہي جو داخل ہوں — اور

(۲) — ایک بہي جس سے یہہ ظاہر ہوا کرے کہ ہر قیدي کسوقت رہا کیا جائیگا — اور

(۳) — ایک سزا کي بہي اون سزاؤں کے مندرج کرنے کے واسطے جو جیلخانہ کے جرموں کي پاداش میں قیدیوں پر عائد کي جائیں — اور

(۴) — ایک معاینہ کي بہي واسطے مندرج کرنے اون سب صوابدید کے جو معاینہ کرنے والے اون امور کي نسبت قلمبند کریں جو جیلخانہ مذکور کے انتظام سے متعلق ہوں — اور

(۵) — ایک بہي اون روپیوں اور دوسري چیزوں کي جو قیدیوں سے لي جائیں ۔

اور تمام دوسري بہیاں جو قواعد تحت دفعہ ۵۹ یا دفعہ ۶۰ کے بموجب ٹھہرا دي جائیں ۔

ڈاکٹر ۔

دفعہ ۱۳ — سوپرنٹنڈنٹ کي ضبط و نگراني کا تابع رہکر ڈاکٹر کو لازم ہوگا کہ جیلخانۂ مذکور کي صحت کے انتظام کا اہتمام رکھے اور اون لوازم خدمات کو انجام دے جو حسب دفعہ ۶۰ لوکل گورنمنٹ کي طرف سے وضع کیئے ہوئے قواعد کے بموجب ٹھہرا دیئے جائیں ۔

ڈاکٹر کے لوازم خدمات ۔

دفعہ ۱۴ — جب ڈاکٹر اس بات کے باور کرنے کي وجہ رکھے کہ کسي قیدي کي عقل میں اوس انتظام یا سلوک سے جو اوسکي نسبت عمل میں آتا ہی خلل واقع ہوا یا ہونے کا احتمال ہی تو اوس ڈاکٹر کو لازم ہوگا کہ اوسکي رپورٹ تحریري مع ایسي کیفیتوں کے جو اوسکے نزدیک مناسب معلوم ہوں سوپرنٹنڈنٹ کے پاس ارسال کرے ۔

ڈاکٹر بعض صورتوں میں رپورٹ کریگا ۔

وہ رپورٹ مع احکام سپرنٹنڈنٹ کے جو اوس رپورٹ پر صادر ہون فی‌الفور انسپکٹر جنرل کے پاس آگاہی کے لیئے ارسال کیجائیگی ؛

قیدیکی وفات پر رپورٹ ؛

دفعہ ۱۵ — کسی قیدی کے مرنے پر ڈاکٹر کو لازم ہوگا کہ فوراً مراتب مصرحۂ ذیل جہان تک اونکی تحقیق ہوسکے ضبط تحریر میں لائے - یعنے —

(۱) — وہ روز جب شخص متوفی نے پہلے بیماری کی شکایت کی ہو یا وہ بیمار دیکھا گیا ہو — اور

(۲) — وہ مشقت (اگر کچھہ ہو) جسمین وہ اوس روز مشغول تھا - اور

(۳) — اوس روز اوسکو خوراک کسقدر ملی تھی — اور

(۴) — وہ روز جبکہ وہ ہسپتال مین داخل ہوا تھا — اور

(۵) — وہ روز کہ جب ڈاکٹر کو پہلی بار اوسکی بیماری کی خبر ہوئی تھی — اور

(۶) — مرض کی نوعیت — اور

(۷) — کب ڈاکٹر یا ڈاکٹر ماتحت نے شخص متوفی کو اوسکی وفات کے پہلے اخیر بار دیکھاتھا — اور

(۸) — کسوقت قیدی فوت ہوا — اور

(۹) — (جن صورتون مین نعش کا امتحان بعد موت کے ہو) ایک بیان ان علامتون کا جو موت کے بعد ظاہر ہو —

مع کسی خاص کیفیتون کے جنکا لکھنا ڈاکٹر کو ضروری معلوم ہو ؛

جیلر ؛

جیلر ؛

دفعہ ۱۶ — (۱) — جیلر کو لازم ہوگا کہ جیلخانہ ہی مین رہا کرے اِلا اوس صورت مین کہ سپرنٹنڈنٹ تحریر کی رو سے اوسکو اور جگہہ رہنے کی اجازت دے ؛

(۲) — جیلر کو لازم نہ ہوگا کہ انسپیکٹر جنرل کی تحریری منظوری کے بغیر کسی اور شغل سے تعلق رکھے ؛

جیلر قیدیکی وفات‌کی اطلاع‌دے ؛

دفعہ ۱۷ — بروقت وفات کسی قیدی کے جیلر کو لازم ہوگا کہ فی‌الفور اوسکی اطلاع سپرنٹنڈنٹ اور ڈاکٹر ماتحت کو دے ؛

جیلر کی ذمہ‌داری ؛

دفعہ ۱۸ — جیلر درخصوص حفاظت ان بہیون کے ذمہ دار ہوگا جو حسب دفعہ ۱۲ رکھی رہین اور نیز درخصوص وارنٹ سپردگی اور سارے دیگر کاغذات کے جو اوسکے تفویض ہون اور نیز درخصوص ان روپیون اور دوسری چیزونکے جو قیدیون سے لے لیجائین ؛

جیلر رات کو حاضر رہے ؛

دفعہ ۱۹ — جیلر کو لازم نہ ہوگا کہ بدون اجازت تحریری سپرنٹنڈنٹ کے ایک رات بھی جیلخانے سے غیر حاضر رہے لیکن اگر کسی ضرورت ناگزیر کے باعث کسی رات کو بلا رخصت غیر حاضر ہو تو اوسکو لازم ہوگا کہ اپنی غیر حاضری اور اوسکی وجہ کی رپورٹ فوراً سپرنٹنڈنٹ کے پاس ارسال کرے ؛

(تیسرا باب - عہدہ‌دارون کے لوازم خدمات - دفعات ۲۰ - ۲۳ - اور چوتھا باب - قیدیون کا داخل ہونا اور منتقل کیا جانا اور رہائي پانا دفعات ۲۴ - ۲۵)

دفعہ ۲۰ — جب کسي جیلخانے مین ڈپوٹي جیلر یا اسسٹنٹ جیلر مقرر ہو تو اوسکو سپرنٹنڈنٹ کے احکام کا تابع رہکر اختیار اس بات کا حاصل ہوگا کہ اس ایکٹ یا اس ایکٹ کے متعلق کسي قاعدے کي رو سے جیلر کو جو خدمتین سپرد ہون اونمین سے کوئي خدمت انجام دے اور جیلر کي جتني ذمہ‌داریان ہون اون سب کا پابند رہے

ڈپوٹي اور اسسٹنٹ جیلر کے اختیارات ؛

عہدہ‌داران ماتحت ؛

دفعہ ۲۱ — جو عہدہ‌دار کہ پھاٹک کے محافظ کے طور پر کارگذار ہو اوسکو یا ہر دیگر عہدہ‌دار جیلخانے کو جائز ہوگا کہ ہر چیز کو دیکھہ بھال کر لیا کرے جو جیلخانے کے اندر یا اوس سے باہر جاے اور جس شخص پر اوسکو شبہہ ہو کہ وہ جیلخانے مین کوئي شي ممنوعہ لاتا ہی یا اوس سے باہر لیجاتا ہی یا جیلخانے کا کوئي مال باہر لیجاتا ہی اوسکو روکے اور اوسکي تلاشي لے یا اوسکي تلاشي لواے اور اگر کوئي ایسي شي یا مال پایا جاے تو فی‌الفور اطلاع اوسکي جیلر کو دے ؛

پھاٹک کے محافظ کے لوازم خدمات ؛

دفعہ ۲۲ — عہدہ‌داران ماتحت کو لازم ہوگا کہ بدون اجازت سپرنٹنڈنٹ یا جیلر کے جیلخانے سے غیر حاضر نہ ہون ؛

عہدہ‌داران ماتحت بدون اجازت غیر حاضر نہون ؛

دفعہ ۲۳ — جو قیدي جیلخانون کے عہدہ‌دارون کي حیثیت مین مقرر ہون وہ حسب منشاے مجموعۂ قوانین تعزیرات ہند سرکاري ملازم متصور ہونگے ؛

قیدي عہدہ‌داران ؛

ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰

چوتھا باب ؛

قیدیونکا داخل ہونا اور منتقل کیا جانا اور رہائي پانا ؛

دفعہ ۲۴ — (۱) — جب کوئي قیدي جیلخانے مین داخل ہو اوسکي تلاشي لي جائیگي اور تمام ہتھیار اور اشیاے ممنوعہ اوس سے لے لي جائینگي ؛

داخل ہوتے وقت قیدیون کو دیکھہ بھال کر لیا جائیگا ؛

(۲) — نیز ہر فوجداري قیدي کو اوسکے جیلخانے مین داخل ہونے کے بعد جتنا جلد ہوسکے ڈاکٹر کے عام یا خاص احکام کے بموجب دیکھہ بھال کر لیا جائیگا اور ڈاکٹر مذکور کو لازم ہوگا کہ ایک بہي مین جو جیلر کے پاس رہیگي اوس قیدي کي کیفیت مزاج اور اوسکے جسم پر کے زخم یا نشانات کي کیفیت اور اگر اوسکي نسبت سزاے قید سخت کا حکم ہوا ہو تو اس امر کي کیفیت کہ وہ کس قسم کي محنت کے لائق ہی اور وہ مزید امورین منکا درج کرنا ڈاکٹر مناسب سمجھے - مندرج کرے یا مندرج کراے ؛

(۳) — زنانہ قیدیونکي صورت مین تلاشي اور دیکھہ بھال دائي کے ذریعے سے ڈاکٹر کے عام یا خاص احکام کے بموجب عمل مین آئیگي ؛

دفعہ ۲۵ — جملہ زر نقد یا اور چیزین جنکي نسبت کسي عدالت ذي اختیار سے کوئي حکم صادر نہ ہوا ہو اور جو کوئي فوجداري قیدي جیلخانے مین اجازت معقول حاصل کرکے لائے یا جو قیدي مذکور کے استعمال کے لیئے جیلخانے مین بھیجي جائین - جیلر کي حراست مین رہینگي ؛

قیدیونکي اشیاء ؛

دفعه ۲٦ — (۱) — تمام قیدیون کي قبل اسکے که وه کسي اور جیلخانے مین منتقل کیئے جائین ڈاکٹر دیکهه بهال کرلیا کریگا ؛

قیدیونکا منتقل هونا اور اونکي رهائي ؛

(۲) — کوئي قیدي کسي ایک جیلخانے سے دوسرے جیلخانے مین منتقل نهین کیا جائیگا الا اوس صورت مین که ڈاکٹر اس بات کي تصدیق کرے که اوس قیدي کو کوئي ایسي علالت نهین هی جسکے باعث سے وه منتقل هونے کے لایق نه هو ؛

(۳) — اگر کوئي قیدي کسي سخت یا خطرناک مرض مین مبتلا هو تو وه اپني خواهش کے خلاف جیلخانه سے رها نهین کیا جائیگا اور نه اوسوقت تک که جبتک ڈاکٹر کي راے مین اوسکي رهائي سے خطره هو ؛

پانچوان باب ؛

قیدیونکا انتظام ؛

دفعه ۲۷ — قیدیون کي علیحدگي کے باب مین اس ایکٹ کے احکام حسب ذیل هین — یعنے —

قیدیون کي علیحدگي ،

(۱) — جس جیلخانے مین که مرد اور عورت دونون قیدي هون وهان لازم هوگا که عورتین علیحده مکانون مین یا ایک هي مکان کے علیحده حصون مین اس طرحپر قید رکهي جائین که وه مرد قیدیونکے ساتهه ملاقات یا گفتگو کرنے یا اونکے ساتهه کسي طرح کا ربط پیدا کرنے سے باز رهین — اور

(۲) — جس جیلخانے مین اتهاره برس سے کم عمر کے مرد قیدي قید هون وهان لازم هوگا که اونکو اور قیدیون سے بالکل علیحده رکهنے کا اور ازنمین سے اون قیدیون کو جو سن بلوغ کو پهنچ چکے هون ویسے قیدیون سے علیحده رکهنے کا بندوبست کیا جاے جو سن بلوغ کو نه پهنچے هون — اور

(۳) — اون فوجداري قیدیون کو جو هنوز مجرم نه ٹههرائے گئے هون اون فوجداري قیدیون سے علیحده رکهنا لازم هوگا جو مجرم ٹههرائے گئے هون — اور

(۴) — دیواني قیدیون کو فوجداري قیدیون سے علیحده رکهنا لازم هوگا ،

دفعه ۲۸ — دفعۀ اخیر مرقوم‌الفوق کے احکام کي پابندي کے ساتهه مجرم ٹههرائے هوئے فوجداري قیدي یا تو جماعت کے ساتهه مقید رکهے جا سکتے هین یا کوٹهریون مین تنها یا کچهه ایک طور سے اور کچهه دوسرے طور سے ؛

قیدیونکا جماعت کے ساتهه اور تنها رهنا ؛

دفعه ۲۹ — قید تنهائي کے لیئے کوئي کوٹهري استعمال مین نهین آئیگي الا اوس صورت مین که اوسمین ایسے وسیلے موجود هون جن سے قیدي هر وقت کسي عهده‌دار جیلخانه سے گفتگو کرسکے اور هر قیدي کو جو حسب مذکور بالا چوبیس گهنٹے سے زیاده عرصه تک - عام اس سے که سزا کے طور پر هو یا اور نهج پر - کسي کوٹهري مین قید رهے کم سے کم دنمین ایک مرتبه ڈاکٹر یا ڈاکٹر ماتحت آکر دیکها کریگا ؛

قید تنهائي ؛

دفعه ۳۰ — (۱) — هر قیدي جو تحت حکم سزاے موت هو اوسکي تلاشي بمجرد اسکے که وه بعد صدور حکم سزا کے جیلخانے مین پهنچے - جیلر کے ذریعه سے یا اوسکے حکم

قیدي تحت حکم سزاےموت ؛

سے لي جائیگي اور وہ تمام اشیاء اوس سے لے لي جائینگي جو جیلر کي دانست مین خطرناک ہون یا جنکا اوسکے پاس رکھنا مصلحت کے خلاف ہو ،

(۲) — ہر ایک ایسا قیدي تمام دوسرے قیدیون سے علیحدہ ایک کوٹھري مین قید رکھا جائیگا اور لازم ہوگا کہ وہ شب و روز کسي گارد (نگہبان) کي حراست مین رکھا جاے ،

چھٹا باب ،

دیوانی اور غیر مجرم ٹھہرائے ہوئے فوجداری قیدیون کی خوراک اور پوشاک اور بستر ،

بعض قیدیون کي خوراک و پوشاک خانگي وسیلون سے ،

دفعه ۳۱ — دیواني قیدي یا اوس فوجداري قیدي کو جو مجرم نہ ٹھہرایا گیا ہو اجازت دي جائیگي کہ اپني خوراک و پوشاک آپ بہم پہنچاے اور خوراک یا پوشاک یا بستر یا اور ضروري چیزین مناسب وقتون مین خود خرید کرے یا خانگي وسیلون سے حاصل کرے مگر بپابندي اس بات کے کہ انسپکٹر جنرل اون چیزون کو دیکھہ بھال کو لے اور بپابندي اون قواعد کے جنکو صاحب موصوف نے منظور کیا ہو ،

بعض قیدیون کے درمیان خوراک و پوشاک کے منتقل ہونے کي نسبت ممانعت ،

دفعه ۳۲ — کسي دیواني قیدي یا فوجداري قیدي کي جو مجرم ٹھہرایا نہ گیا ہو خوراک یا پوشاک یا بستر یا اور ضروري چیزون کا کوئي حصہ کسي اور قیدي کو دیا نہین جائیگا اور نہ کرایہ پر دیا جائیگا اور نہ اوسکے ہاتھہ فروخت کیا جائیگا اور جو قیدي اس دفعہ کے احکام کي خلاف ورزي کرے وہ خود خوراک خریدنے یا خانگي وسیلون سے منگانے کے استحقاق سے اوس وقت تک محروم رکھا جائیگا جو سوپرنٹنڈنٹ کے نزدیک مناسب معلوم ہو ،

پوشاک اور بستر کا بہم پہنچانا دیواني اور غیر مجرم ٹھہراے ہوئے قیدیون کو ،

دفعه ۳۳ — (۱) — ہر دیواني قیدي اور غیر مجرم ٹھہرائے ہوئے فوجداري قیدي کو جو کافي پوشاک اور بستر اپنے لیئے خود بہم نہ پہنچا سکے جس قدر پوشاک اور بستر کہ ضروري ہو سوپرنٹنڈنٹ بہم پہنچا دیگا ،

(۲) -- جب کوئي دیواني قیدي کسي ایسي ڈکري کے اجرا مین جو کسي شخص غیر سرکار کے حق مین صادر ہوا ہو - جیلخانے مین قید ہو تو وہ شخص یا اوسکا قائم مقام اوس پوشاک اور بستر کي قیمت جو اوس قیدي کے واسطے بہم پہنچا دیا گیا ہو مطالبۂ تحریري کے اوسکے پاس پہنچنے کے بعد ۴۸ گھنٹے کے اندر سوپرنٹنڈنٹ کو ادا کردیگا اور اگر قیمت مذکور ادا نہ کي جاے تو قیدي مذکور رہا کردیا جائیگا ،

ساتوان باب ،

قیدیون کی مشغولی ،

دیواني قیدیون کي مشغولي ،

دفعه ۳۴ — (۱) — دیواني قیدیون کو جائز ہی کہ سوپرنٹنڈنٹ کي اجازت سے کسي حرفہ یا پیشہ کا کام جیلخانے مین کیا کرین ،

(۲) — جو دیواني قیدي خود اپنے آلات و اوزار رکھتے ہون اور جنکي خور و پوش کا خرچ جیلخانے سے نہ ملتا ہو اونکو اپنے روزگار کي کل آمدني ملیگي - لیکن جنکو آلات و اوزار یا خور و پوش

جيلخانے کے خرچ سے ديا جاے اونکے روزگار کي آمدني مين سے جس قدر که سوپرنٹنڈنٹ تجويز کردے اوزارون کے استعمال اور خور و پوش کے خرچ کي بابت وضع کرليا جائيگا ،

قيديونکي مشغولي ،

دفعه ۳۵ — (۱) — لازم نهين هی که کوئي فوجداري قيدي جسپر مشقت کا حکم سزا صادر هوا هو يا جو مشقت مين اپني خاص خواهش سے مشغول هو بجز اوس صورت کے که سوپرنٹنڈنٹ کي تحريري منظوري کسي ضرورت کي وجه سے حاصل کي جاے - کسي ايک دن مين نو گهنٹے سے زياده مشقت کرنيکے ليئے مشغول رکها جاے ،

(۲) — لازم هی که ڈاکٹر جسوقت مشقت کرنے والے قيدي کام کر رهے هون - وقتاً فوقتاً اونکي ديکهه بهال کر ليا کرے اور کم سے کم ايک دفعه هر دو هفتے مين هر قيدي کے حالات کے ٹکٹ پر جو مشقت مين مشغول رهے ويسے قيدي کا وزن اوسوقت کا قلمبند کراے ،

(۳) — جبکه ڈاکٹر کي يهه راے هو که قيدي کي صحت کسي نوع يا قسم کي مشقت مين مشغول رهنے سے بگڑتي هی تو ويسا قيدي اوس مشقت مين مشغول نهين کيا جائيگا بلکه ايسي نوع يا قسم کي مشقت مين لگايا جائيگا جو ڈاکٹر کے نزديک قيدي مذکور کے موافق هو ،

اون فوجداري قيديون کي مشغولي جنکي نسبت قيد محض کا حکم سزا صادر هوا هی ،

دفعه ۳۶ — سوپرنٹنڈنٹ کو لازم هوگا که تمام فوجداري قيدي جنکي نسبت قيد محض کا حکم سزا صادر هوا هی اونکے ليئے (جس مدت تک که وه چاهين) اونکو کام مين مشغول رکهنے کے باب مين بندوبست کردے ليکن جس قيدي کي نسبت حکم سزاے قيد سخت صادر نهوا هو وه اوس کام مين غفلت کرنے کي علت مين مستوجب سزا کا نه هوگا بجز اوسکے که اوسکي مقدار خوراک مين اوس قدر تغيير و تبديل هو جو ويسے قيدي کے کام سے غفلت کرنے کي صورت مين جيلخانے کے قواعد کے بموجب مقرر کي جاے ،

آٹهوان باب ،

قيديون کي جسماني صحت ،

بيمار قيدي ،

دفعه ۳۷ — (۱) — لازم هوگا که جو جو قيدي ڈاکٹر ماتحت سے معالجه کرانا چاهتے هون يا جو جسماني علالت يا دماغي مرض کے باعث عليل معلوم هوتے هون اونکے نامون کي اطلاع بلا توقف وه عهدهدار جو ويسے قيديون کا يکسر ذمه رکهتا هو جيلر کو کردے ،

(۲) — جيلر کو لازم هوگا که بلا توقف ڈاکٹر ماتحت کو اوس قيدي کي خبر دے جو معالجه کرانا چاهتا هو يا بيمار هو يا جسکے دماغ يا جسم کے حال پر لحاظ کرنے سے علاج کي ضرورت معلوم هو اور نيز جيلر کو لازم هوگا که اون جمله تحريري هدايتونکو عمل مين لاے جو وه ڈاکٹر يا ڈاکٹر ماتحت ويسے قيدي کے انتظام يا سلوک کي تغيير و تبديل کي نسبت کرے ،

ڈاکٹرون کي هدايتون کي بهي ،

دفعه ۳۸ — جمله هدايتين جو ڈاکٹر يا ڈاکٹر ماتحت کسي قيدي کي نسبت کرے بجز اون حکمون کے جو دواؤن کي بهمرساني کے باب مين هون يا بجز اون هدايتون کے جو ايسے امور کي بابت هون جنکي تعميل خود ڈاکٹر کر سکتا يا تحت اوسکے اهتمام کے هو سکتي هو - روزانه اوس قيدي کے حالات کے ٹکٹ پر يا ايسي بهي مين جسکي لوکل گورنمنٹ قاعدهکے ذريعے سے هدايت

کرے - درج کرلي جائیگي اور جیلر هر هدایت کو اوسکے مقام مناسب مین لکهه لیا کریگا اور هر هر هدایت کي بابت یهه امر مندرج کریگا که آیا اوسکي تعمیل هوئي هی یا نهین اور جو جو کیفیتین جیلر کي دانست مین لائق لکهنے کے هون وه بهي بقید تاریخ درج کي جائینگي ،

هسپتال ، — **دفعه ۳۹** — لازم هوگا که هر جیلخانے مین ایک هسپتال یا مقام مناسب بیمار قیدیون کے رکهنے کے لیئے مهیا کردیا جاے ،

نوان باب ،

قیدیون کے ساتهه ملاقات ،

دفعه ۴۰ — بندوبست واجبي اس امر کا عمل مین لایا جائیگا که هر جیلخانے مین وه اشخاص جنکے ساتهه دیواني قیدي یا غیر مجرم ٹهہرائے هوئے فوجداري قیدي گفتگو کرنا چاهین اوقات مناسب مین اور قیود مناسب کے ساتهه جیلخانے مین جاسکین مگر یهه خیال رهے که جهانتک انصاف کي غرضون کے مطابق هوسکے قیدي زیر تجویز کو یهه اختیار دیا جاے که اپنے با ضابطه سند پائے هوئے مشیر قانوني سے بلا موجودگي کسي اور شخص کے ملاقات کرین،

دیواني قیدیون اور غیر مجرم ٹهہرائے هوئے فوجداري قیدیونکے ساتهه ملاقات ،

دفعه ۴۱ — (۱) — جیلر کو جائز هوگا که قیدي کے هر ملاقاتي کا نام و نشان استفسار کرے اور جب اوسکو کوئي وجه شبه کي معلوم هو تو اوس ملاقاتي کي تلاشي لے یا اوسکي تلاشي لواے لیکن وه تلاشي کسي قیدي یا اور ملاقاتي کے روبرو نهو ،

ملاقات کرنے والونکي تلاشي ،

(۲) — اگر کوئي ویسا ملاقاتي تلاشي دینے سے انکار کرے تو جیلر کو اختیار هوگا که اوسکو اندر جانے ندے اور اس کارروائي کي وجوهات مع اوسکي تفصیلون کے ایسي بهي مین مندرج کي جائینگي جسکي هدایت لوکل گورنمنٹ کرے ،

دسوان باب ،

جیلخانون کے متعلق جرائیم ،

دفعه ۴۲ — جو شخص کسي قاعدهٔ تحت دفعه ۶۰ کے برخلاف کسي جیلخانه مین کوئي شی ممنوعه لاے یا وهان سے لیجاے یا کسي وسیلے سے کیون نهو وهان لانے یا وهان سے لیجانیکا اقدام کرے یا کوئي شیٔ ممنوعه جیلخانه کي حدود سے باهر کسي قیدي کو بهم پهنچاے یا بهم پهنچانیکا اقدام کرے -

اشیاے ممنوعه کے جیلخانے مین لانے یا وهان سے لیجانیکي - اور قیدیون سے مراسلت کي علت مین سزا ،

اور جو اهلکار جیلخانه خلاف کسي ویسے قاعده کے دیده و دانسته کوئي ویسي چیز کسي جیلخانه مین لانے دے یا وهان سے لیجانے دے یا کسي قیدي کے پاس رهنے دے یا جیلخانه کي حدود سے باهر کسي قیدي کو بهم پهنچانے دے —

اور جو شخص خلاف کسي ويسے قاعده کے کسي قيدي کے ساتهه مراسله کرے يا اوسکے ساتهه مراسله کرنيکا اقدام کرے —

اور جو شخص کسي جرم مين جواس دفعه کي رو سے قابل سزا قرار ديا گيا هی اعانت کرے جو وه - مجستريت کے روبرو مجرم ٹهہرنے پر مستوجب سزاے قيد کا ايک ايسي مدت کے ليئے هوگا — ۶ چهه مهينے سے زياده نه هو يا دو سو روپي تک جرمانے کا مستوجب هوگا يا اوسکو دونون سزائين دي جائينگي

دفعه ۴۳ — جب جيلخانے کے کسي عهده دار کے روبرو کوئي شخص کسي ايسے جرم کا مرتکب
جرم تحت دفعه ۴۲ کي بابت گرفتار کرنيکا اختيار ؛ هو جسکي تصريح دفعهٔ اخير مرقوم الفوق مين کي گئي هی اور ويسے عهده دار کے پوچهنے پر اپنا نام اور سکونت نه بتاے يا ايسا نام يا سکونت بتاے جو ويسا عهده دار غير صحيح جانتا هو يا اس بات کے باور کرنے کي وجه رکهتا هو که وه غير صحيح هی - تو جائز هوگا که ويسا عهده دار اوسے گرفتار کرے اور اوسکو لازم هوگا که بلا توقف غير ضروري کے اوس شخص کو اهلکار پوليس کے حواله کرے اور حواله هونے پر ويسا اهلکار پوليس اوسطور پر کاربند هوگا که گويا جرم مذکور کا ارتکاب اوسکے روبرو هوا تها ؛

دفعه ۴۴ — سوپرنٹنڈنٹ کو لازم هوگا که جيلخانے کے باهر کسي نظرگاه عام مين ايک اشتهار
سزاؤن کا مشتهر هونا ؛ انگريزي اور ديسي زبانون مين به تصريح اون افعال کے جو بموجب دفعه ۴۲ ممنوع هين اور به تصريح اون سزاونکے جو افعال مذکور کے ارتکاب کي وجه سے عايد کي جائين - چسپان کرائے ؛

گيارهوان باب ؛

جرم واقعهٔ جيلخانه ؛

دفعه ۴۵ — نيچے لکهے هوئے افعال جرم واقعهٔ جيلخانه قرار ديئے گيئے هين جبکه کوئي قيدي اوسکا
جرم واقعهٔ جيلخانه ؛ مرتکب هو —

(۱) — کسي انتظام جيلخانه کي نسبت عمداً کوئي ايسي نافرماني جو قواعد موضوعهٔ تحت دفعه ۵۹ کي رو سے جرم واقعهٔ جيلخانه قرار دي گئي هی — اور

(۲) — حمله کرنا يا جبر مجرمانه کرنا — اور

(۳) — توهين يا دهمکي کے الفاظ کا استعمال — اور

(۴) — بد يا بےحيائي کے اطوار يا مفسدانه اطوار — اور

(۵) — محنت سے بچنے کے ليئے اپنے کو عمداً کام سے معذور کردينا — اور

(۶) — تمرد کي راه سے کام کرنے سے انکار کرنا - اور

(۷) — هتهکڑيون يا بيڑيون يا سيخون کو بلا حکم جائز کے ريتنا يا کاٹنا يا بدلنا يا الگ کر دينا — اور

(۸) — عمداً کسي ايسے قيدي کي جسکي نسبت حکم سزاے قيد سخت کا هوا هی کاهلي يا اوسکا کام مين غفلت کرنا — اور

(۹) — عمداً کام مین بد انتظامي کسي ایسے قیدي کي طرف سے جسکي نسبت حکم سزاے قید سخت کا ہوا ہی — اور

(۱۰) — عمداً جیلخانے کے مال کو نقصان پہنچانا — اور

(۱۱) — حالات کے ٹکٹون یا بہیون یا نوشتون مین دست اندازي کرني یا اونکو بگاڑنا — اور

(۱۲) — کسي شئ ممنوعہ کو لینا یا اپنے پاس رکھنا یا منتقل کرنا — اور

(۱۳) — بیماري کا بہانہ کرنا — اور

(۱۴) — کسي اہلکار یا قیدي پر جھوٹا الزام عمداً لگانا — اور

(۱۵) — آگ لگنے کي یا کسي بندش یا سازش کے وقوع کي اور کسي فرارکي یا فرار کے اقدام یا آمادگي کي اور کسي قیدي یا جیلخانے کے عہدہ‌دار پر حملہ یا آمادگي حملہ کي رپورٹ - فوراً جب ارسکو خبر پہنچے - نہ کرني یا کرنے سے انکار کرنا — اور

(۱۶) — فرار کي سازش کرني یا فرار مین اعانت کرنے کي سازش کرني یا جرائم مذکورۂ بالا مین سے کسي اور جرم کے ارتکاب کرنے مین سازش کرني ؛

دفعہ ۴۶ — سوپرنٹنڈنٹ کو جائز ہوگا کہ کسي ویسے جرم کي بابت کسي شخص کا اظہار لے اور اوسکي نسبت تجویز کرے اور ویسے جرم کي سزا مرقوم‌الذیل طریقون سے عاید کرے - یعنے —

ویسے جرمون کي سزا ؛

(۱) — باضابطہ تنبیہ کرني —

تشریح — با ضابطہ تنبیہ سے وہ تنبیہ مراد لیجائیگي جو سوپرنٹنڈنٹ کسي قیدي کو بذات خود مخاطب کرکے سزا کي بہي مین اور اوس قیدي کے حالات کے ٹکٹ پر قلمبند کرے — اور

(۲) — مشقت مین تبدیل کسي زیادہ ناگوار یا سخت طریقے پر کرني — اور

(۳) — مشقت سخت عائد کرني اوس مدت تک جو مجرم ٹھہرائے ہوئے فوجداري قیدیون کي صورت مین جنکي نسبت سزاے قید سخت کا حکم صادر نہین ہوا ہی - سات دن سے زیادہ نہ ہو — اور

جو رعایتین معافي کے قاعدۂ نافذالوقت کي رو سے کي جا سکتي ہین ارنکو اسطرحپر چھین لینا جو جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل قواعد کي رو سے ٹھہرادین — اور

(۵) — ٹاٹ یا اور موٹا کپڑا جو پشمینہ نہو درسرے ساز و سامان کي پوشاک کے بدلے اوس مدت تک دینا جو تین مہینے سے زیادہ نہو ؛

(۶) — اوس نمونے اور وزن کي ہتھ کڑیان اوس طور سے اور اوس مدت تک ڈالني جو جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل قواعد کي رو سے مقرر کردین - اور

(۷) — اوس نمونے اور وزن کي بیڑیان اوس طور سے اور اوس مدت تک ڈالني جو جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل قواعد کي رو سے مقرر کردین — اور

(۸) — ایسي مدت تک علیحدہ قید مین رکھنا جو چھ مہینے سے زیادہ نہو -

تشریح — علیحده قید سے ایسي قید ساتهه مشقت یا بے مشقت کے مراد هی جس سے کوئي قیدي دوسرے قیدیون سے گفتگو وغیره نه کرسکے لیکن اونکو دیکهه سکے اور جس سے فی یوم کم سے کم ایک گهنٹے کي فرصت ملتي رهے اور ایک کئي قیدیون کے ساتهه کها پي سکے — اور

(۹) — خوراک تعزیري یعنے خوراک کي قید اوسطور سے اور بپابندي اون شرائط متعلق مشقت کے جو لوکل گورنمنت مقرر کرد ے — اور

مگر شرط یهه هی که خوراک کي، قید کسي قیدي پر کسي صورت مین سلسله وار ۹۶ گهنٹے سے زیاده جاري نه رکهي جاے اور دوباره وه جاري نه کي جاے اِلا کسي نئے جرم کي علت مین اور نه جبتک که ایک هفته گذر جاے — اور

(۱۰) — ایسي مدت تک کوٹهري مین قید رکهني جو چوده دن سے زیاده نه هو —

مگر شرط یهه هی که کوٹهري کي قید کي هر مدت کے بعد اوس مدت سے کم زمانه گذرنا نه چاهیئے قبل اسکے که اوس قیدي کي نسبت دوباره حکم سزا کوٹهري کي قید یا قید تنهائي کا صادر کیا جاے -

تشریح — کوٹهري کي قید سے وه قید ساتهه مشقت یا بے مشقت کے مراد هی جس سے کوئي قیدي دوسرے قیدیون سے مطلق گفتگو وغیره نه کرسکے لیکن اونکو دیکهه سکے — اور

(۱۱) — قید تنهائي مین ایسي مدت تک رکهنا جو سات دن سے زیاده نهو -

مگر شرط یهه هی که قید تنهائي کي هر مدت کے بعد اوس مدت سے کم زمانه گذرنا نه چاهیئے قبل اسکے که اوس قیدي کي نسبت در باره حکم سزا قید تنهائي یا کوٹهري کي قید کا صادر کیا جاے —

تشریح — قید تنهائي سے وه قید ساتهه مشقت یا بے مشقت کے مراد هی جس سے وه دوسرے قیدیون کو نه تو مطلق دیکهه سکے اور نه اُنسے مطلق گفتگو وغیره کرسکے — اور

(۱۲) — خوراک تعزیري جسکي تعریف ضمن (۹) مین کي گئي هی قید تنهائي کے ساتهه دیني جسکي تعریف ضمن (۱۱) مین هوئي هی — اور

(۱۳) — تازیانه زني کي سزا دیني بشرطیکه تیس ضرب سے زیاده نهو ؛

مگر ملحوظ رهے که اس دفعه مین کوئي ایسي بات نهین هی جس سے کوئي عورت یا دیواني قیدي هتهه کڑیون یا بیڑیون کي کسي قسم کي سزا یا تازیانے کي سزا کا مستوجب هو ؛

دفعه ۴۷ — اون سزاؤن مین سے کوئي دو سزائین جنکي تعریف دفعه اخیر مرقوم الفوق مین کي گئي هی ویسے هر جرم کي علت مین ایک شامل دي جاسکتي هین مگر مستثنیات مفصلهٔ ذیل کي پابندي کے ساتهه یعنے —

دفعه ۴۶ کے متعلق سزاؤن کا ایک شامل هونا ؛

(۱) — با ضابطه تنبیه کو کسي دوسري سزا کے ساتهه بجز اوس سزا کے که اوس دفعه کي ضمن (۴) کے بموجب رعایتین چهن جائین - شامل نهین کیا جائیگا ؛

(۲) — خوراک تعزیري کو اوس دفعه کي ضمن (۲) کے تحت کي تبدیل مشقت کے ساتهه شامل نهین کیا جائیگا اور نه کوئي زاید میعاد خوراک تعزیري کي جو تنها عاید کي جاے کسي ایسي میعاد خوراک تعزیري کے شامل هو سکیگي جو قید تنهائي کے ساتهه دي گئي هو ؛

(۳) — قید تنهائي کوٹهري کي قید یا علیحده قید کے ساتهه شامل نهین کي جائیگي اور نه

کوٹھری کي قید علیحدہ قید کے ساتھہ اسطرحپر کہ جس سے تنہائي کي وہ مجموعي میعاد بڑھہ جاے جسکا قیدي مستوجب ہو ۔

(۴) — تازیانہ زني قید کي کسي اور قسم کے ساتھہ شامل نہین کي جائیگي کوٹھري کي قید یا علیحدہ قید اور اون رعایتون کے چھن جانے کے ساتھہ جو قاعدۂ معافي کے بموجب بخشي جا سکتي ھین ۔

دفعہ ۴۸ — (۱) — سوپرنٹنڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ اون سزاؤن مین سے کوئي سزا دے جنکي

دفعات ۴۶ و ۴۷ کے متعلق سزاؤن کا دیا جانا ۔

تصریح اخیر دو دفعات مرقوم الفوق مین کي گئي ھی مگر ایک مہینے سے زیادہ مدت کي قید علیحدہ کي صورت مین انسپکٹر جنرل کي پیشتر منظوري شرط ھی ۔

(۲) — کوئي عہدہ دار جو سوپرنٹنڈنٹ کا ماتحت ھی کسي قسم کي سزا نہین دے سکیگا ۔

دفعہ ۴۹ — بجز حکم کسي عدالت معدلت گستري کے کوئي سزا سوا اون سزاؤن کے جنکي

مرقوم الفوق دفعات کے مطابق سزائین دي جائینگي ۔

تصریح دفعات مرقوم الفوق مین کي گئي ھی کسي قیدي کو نہین دي جائیگي اور نہ کوئي سزا کسي قیدي کو اور نہج سے دیجائیگي جو اون دفعات کے احکام کے مطابق نہو ۔

دفعہ ۵۰ — (۱) خوراک تعزیري کي کوئي سزا عام اس سے کہ وہ مفرد ھو یا یک شامل یا

ڈاکٹر تصدیق کریگا کہ قیدي سزا بھگتنے کے قابل ھی ۔

تازیانہ زني یا تبدیل مشقت تحت دفعہ ۴۶ ضمن (۲) کي کوئي سزا عمل مین نہین آئیگي تاوقتیکہ اوس قیدي کو جسکو ویسي سزا دي جاے ڈاکٹر نہ دیکھہ لے اور ڈاکٹر مذکور اگر اوس قیدي کو سزا کے بھگتنے کے قابل سمجھے تو مطابق اوسکے اوس سزا کي بہي کے خانۂ مناسب مین تصدیق لکھدے جو دفعہ ۱۲ مین مقرر کردي گئي ھی ۔

(۲) — اگر ڈاکٹر مذکور اوس قیدي کو سزا کے بھگتنے کے قابل نہ سمجھے تو اوسي طرح اپني راے قلمبند کریگا اور یہہ تحریر کریگا کہ آیا قیدي اوس قسم کي سزا اوٹھانے کے مطلق قابل نہین ھی جو تجویز کي گئي ھی یا یہہ کہ اوسکي دانست مین اوس مین کسي اصلاح کي ضرورت ھی ۔

(۳) — آخرالذکر صورت مین ڈاکٹر یہہ تحریر کریگا کہ قیدي مذکور اوسکي دانست مین بلا ضرر اپني صحت کے کسقدر سزا بھگت سکیگا ۔

دفعہ ۵۱ — (۱) — سزا کي بہي مین جو دفعہ ۱۲ مین مقرر کي گئي ھی ہر عائد کي ہوئي

سزا کي بہي مین داخلجات ۔

سزا کے متعلق قیدي کا نام اور رجسٹر بہي کا نمبر اور وہ قسم کہ جسمین وہ داخل ھی (عام اس سے کہ وہ قسم عادت سے تعلق رکھتي ھو یا نہو) اور وہ جرم واقعۂ جیلخانہ جسکا وہ مجرم ھی اور وہ تاریخ کہ جب جرم واقعۂ جیلخانۂ مذکور کا ارتکاب ہوا تھا اور پیشتر کے جرائم واقعۂ جیلخانہ کا شمار جو قیدي کے نام مین قلمبند کیئے گئے ھون اور قیدي کے اخیر جرم واقعۂ جیلخانہ کي تاریخ اور وہ سزا جو عائد کي گئي ھو اور سزا پانے کي تاریخ قلمبند کي جائیگي ۔

(۲) — لازم ہوگا کہ ہر سنگین جرم واقعۂ جیلخانہ کي صورت مین اون گواہون کے نام جنسے جرم مذکور کا اثبات ہو قلمبند کیئے جائین اور اون جرائم کي صورت مین جنکي پاداش مین تازیانۂ زني کا حکم صادر کیا جاے سوپرنٹنڈنٹ کو لازم ہوگا کہ گواہون کے اظہار کا خلاصہ اور قیدي کا جواب اور تجویز مع اوسکي وجوہات کے قلمبند کرے ۔

(۳) — ہر ہر سزا کے متعلق جو داخلجات ہوں اونکے مقابل مین جیلر اور سوپرنٹنڈنٹ کو لازم ہوگا کہ اون داخلجات کي صحت کے ثبوت کے طور پر اپنے نام کے حروف ابتدائي بطریق دستخط ثبت کردین ؁

سنگین جرم کے ارتکاب پر ضابطۂ کارروائي ؁

دفعہ ۵۲ — اگر کوئي قیدي انتظام جیلخانہ کي خلاف ورزي کي بابت کسي ایسے جرم کا مجرم ہو کہ جسکي پاداش مین بوجہ اسکے کہ وہ قیدي ویسے جرائم کا بار بار مرتکب ہو چکا ہی یا اور وجہ سے سوپرنٹنڈنٹ کي راے مین کسي ایسي سزا کے عائد کرنے سے جسکے عائد کرنے کا اوسکو اس ایکٹ کي رو سے اختیار ہی اوسکی کافي سزا نہین ہو سکتي ہی تو سوپرنٹنڈنٹ کو جائز ہوگا کہ ویسے قیدي کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کي عدالت مین یا سماعت کا اختیار رکھنے والے اول درجہ کے مجسٹریٹ کي عدالت مین مع بیان حالات کے بھیجدے اور بعد ازان ویسے مجسٹریٹ کو لازم ہوگا کہ قیدي پر جو الزام حسب مذکور بالا لگایا گیا ہو اوسکي تحقیقات کرکے تجویز کرے اور اثبات جرم پر جائز ہوگا کہ اوسکي نسبت اوس قید کا حکم سزا صادر کرے جسکي میعاد ایک سال تک ہوسکتي ہی اور وہ میعاد کسي ایسي میعاد کے علاوہ ہوگي جسکي پاداش مین وہ قیدي وقت ارتکاب اوس جرم کے سزا بھگت رہا تھا یا یہہ جائز ہوگا کہ قیدي کي نسبت ان سزاؤن مین سے کسي سزا کا حکم صادر کرے جنکي تصریح دفعہ ۴۶ مین کي گئي ہی ؁

مگر شرط یہہ ہی کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اوس مقدمہ کو واسطے تحقیقات اور تجویز کے کسي مجسٹریٹ درجۂ اول کے ہان منتقل کرسکتا ہی — اور

اور یہہ بھي شرط ہی کہ ایک ہي جرم کي بابت کسي شخص کو دوبارہ سزا ندي جاے ؁

تازیانہ زني ؁

دفعہ ۵۳ — (۱) — کوئي سزا تازیانہ زني کي باقساط نہین دي جائیگي یا نہ بجز حاضر رہنے سوپرنٹنڈنٹ اور ڈاکٹر یا ڈاکٹر ماتحت کے ؁

(۲) — تازیانہ زني ہلکي بید کے ذریعے سے جسکا قطر آدھے انچ سے کم نہو چوتڑون پر کي جائیگي اور سولہ برس سے کم عمر کے قیدیون کي صورت مین اور بھي اسکول کي تادیبانہ سزا کے طور پر تازیانہ زني ہلکي بید کے ذریعے سے کي جائیگي ؁

جیلخانے کے عہدہ داران ماتحت کي طرف سے جرائم ؁

دفعہ ۵۴ — (۱) — ہر جیلر یا اوسکے ماتحت کا عہدہ دار جیلخانہ جو کسي لازمۂ خدمت کي خلاف ورزي کا یا حاکم مجاز کے صادر کیئے ہوئے کسي قاعدہ یا ضابطہ یا حکم جائز کي عمداً خلاف ورزي کا یا اوسکي تعمیل مین عمداً غفلت کا مجرم ہو یا جو اپنے عہدہ کے لوازم خدمت سے بدون اجازت کے یا دو مہینے پیشتر اپنے ارادے کي اطلاع تحریري دینے کے بغیر کنارہ کش ہو یا جو اوس رخصت سے جو اوسکو دي جاے زیادہ عرصہ تک عمداً ٹھہر جاے یا جو بدون اجازت کسي ایسے کام مین جو اوسکا لازمۂ خدمت متعلق جیلخانہ نہ ہو مشغول ہو یا جو کم ہمتي کا مجرم ہو - وہ مجسٹریٹ کے روبرو مجرم ٹھہرنے پر مستوجب ایسے جرمانے کا ہوگا جسکي مقدار دو سو روپیہ سے زیادہ نہو یا قید کي سزا کا جسکي میعاد تین مہینے سے زیادہ نہو یا دونون سزاؤن کا ؁

(۲) — ایک ہي جرم کي بابت کسي شخص کو دوبارہ سزا بموجب اس دفعہ کے نہین دي جائیگي ؁

بارهوان باب ‘

متفرقات ‘

دفعه ۵۵ — **جیلخانیکے باهر قیدیونکی حراست اور دیده بانی اور مشغولی ‘**

هر قیدي کي نسبت جسوقت که وه کسي ایسے جیلخانے مین جهان وه جائز طور پر قید کیا جاسکتا هو لیجایا جا رها هو یا وهان سے لایا جا رها هو یا جسوقت که وه ویسے جیلخانے کے متعلق کسي عهده‌دار کي حراست یا ضبط و نگراني جائز مین کسي ویسے جیلخانے کے باهر کام کر رها هو یا اور طرح پر اوسکي حدود کے باهر هو - ایسا تصور کیا جائیگا که وه قیدي جیلخانے مین هي اور وه اونهي سب واقعون کا پابند رهیگا که جن واقعون کا وه عین جیلخانے کے اندر هونے کي تقدیر مین پابند هوتا ‘

دفعه ۵۶ — **بیڑیون سے قیدکرنا ‘**

هرگاه سوپرنٹنڈنٹ (بلحاظ حالت جیلخانه یا اطوار قیدي کے) قیدیون کي بے خطر حراست کے لیئے یهه امر ضروري سمجھے که وه قیدي بیڑیون سے قید کیئے جائین تو سوپرنٹنڈنٹ کو جائز هوگا که اون قاعدون اور هدایتون کا پابند رهکر جو انسپکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ کي منظوري کے ساتهه قلمبند کردے - اون قیدیون کو اوسطرحپر قید مین رکھے ‘

دفعه ۵۷ — **حکم سزاے قید بعبور دریاے شور کے تحت کے قیدیون کو بیڑیون سے قید کرنا ‘**

(۱) — جائز هوگا که جو قیدي حکم سزاے قید بعبور دریاے شور کے تحت مین هین وه قواعد موضوعهٔ تحت دفعه ۶۰ کي پابندي کے ساتهه - جیلخانے مین داخل هونے پر پہلے تین مهینے تک بیڑیون سے مقید رهین ‘

(۲) — اگر سوپرنٹنڈنٹ خواه خود قیدي کي کامل حراست کے لیئے یا کسي اور وجه سے یهه امر ضروري سمجھے که ویسے کسي قیدي کو تین مهینے سے زاید عرصه تک پا بزنجیر رکھا جاے تو سوپرنٹنڈنٹ کو لازم هوگا که انسپکٹر جنرل سے اس بات کي منظوري کي درخواست کرے که بیڑیان اوس مدت تک قائم رکھي جائین که جس مدت تک اون بیڑیون کا قائم رکھا جانا اوسکي دانست مین ضروري معلوم هو اور انسپکٹر جنرل کو جائز هوگا که مطابق اوس درخواست کے اون بیڑیون کا قائم رهنا منظور کرین ‘

دفعه ۵۸ — **بجز ضرورت کے جیلر قیدیونکو پا بهزنجیر نهین کریگا ‘**

کسي جیلر کو لازم نهین هوگا که خواه اپنے اختیار سے کسي قیدي کو پا به زنجیر کرے یا کسي آله کے ذریعه سے قید مین رکھے الا سخت ضرورت کي حالت مین که اوس حالت مین اوسکي اطلاع سوپرنٹنڈنٹ کو في الفور دیجاے ‘

دفعه ۵۹ — **وضع قواعد کا اختیار ‘**

جناب نواب گورنر جنرل بهادر باجلاس کونسل کو جائز هوگا که برٹش انڈیا کے کسي حصه کے لیئے قواعد مطابق اس ایکٹ کے امور مفصلهٔ‌ذیل کي بابت وضع کرین - اور هر لوکل گورنمنٹ کو جائز هوگا که جناب نواب گورنر جنرل بهادر باجلاس کونسل کي منظوري پیشتر حاصل کرکے اوس قلمرو کے واسطے جو گورنمنٹ موصوف کے زیر نظم و نسق هو - قواعد مذکور امور مفصلهٔ‌ذیل کي بابت وضع کرے — یعنے —

